رپورٹ

اخبار الوفاق

مولانا امین اللہ

جامعہ حفصہؓ، فریدیہ اور لال مسجد کے بارے میں اجلاس ومشاورت:

اتوار ۱۵ اشوال المکرّم کو راولپنڈی واسلام آباد کے علماء کرام کا ایک اجلاس جامعہ اسلامیہ راولپنڈی میں قاری سعید الرحمٰن صاحب کے زیرِ صدارت منعقد ہوا، جس میں وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے ناظمِ اعلیٰ مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب نے شرکت کی۔ اجلاس میں جامعہ فریدیہ کو فورسز سے واگزار کرانے کے لئے لائحہ عمل پر غور، عدالت عظمیٰ کی جانب سے جامعہ حفصہ ولال مسجد کے بارے میں فیصلے اور دیگر متعلقہ مختلف امور پر مشاورت ہوئی۔ شرکاء اجلاس نے متفقہ طور پر حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ فوری طور پر جامعہ فریدیہ سے فورسز کو ہٹائے تاکہ جامعہ میں تعلیمی سلسلہ بحال ہوسکے اور جامعہ حفصہ ولال مسجد کے بارے عدالت عظمیٰ کے فیصلے پر اس کی روح کے مطابق عمل درآمد کرے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ اگر حکومت اور انتظامیہ فیصلے پر عمل درآمد میں کسی قسم کی لیت ولعل اور پس وپیش سے کام لیتی ہے یا تساہل برتتی ہے تو دوبارہ سپریم کورٹ سے رجوع کیا جائے گا۔ رات گئے جاری رہنے والے اس اجلاس میں مولانا قاضی عبدالرشید صاحب (ناظم وفاق)، مولانا عبدالغفار صاحب (قائم مقام مہتمم جامعہ فریدیہ) مفتی محمد فاروق صاحب (استاذ جامعہ فریدیہ) نے شرکت کی۔

حضرت مولانا حسن جانؒ صاحب کی شہادت پر ان کے ورثا سے اظہار تعزیت:

سوموار ۱۶/ شوال المکرّم کو صدر وفاق المدارس العربیہ پاکستان حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب مدظلہ کی قیادت میں ایک وفد نے پشاور میں وفاق المدارس العربیہ کے نائب صدر حضرت مولانا حسن جان شہیدؒ کی شہادت پر ان کے ورثاء سے تعزیت کا اظہار کیا اور ان کی دینی وملی خدمات خصوصاً وفاق المدارس کے لئے ان کی گراں قدر کاوشوں پر انہیں خراجِ تحسین پیش کیا۔ وفد میں صدر وفاق کے علاوہ ناظم اعلیٰ وفاق مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب، مولانا انوار الحق صاحب (ناظم وفاق)، مولانا قاضی عبدالرشید صاحب (ناظم وفاق) اور مولانا

کفایت اللہ صاحب (رکن عاملہ وفاق) شامل تھے۔ وفد نے شہید مرحوم کے مدرسے کا بھی دورہ کیا اور وہاں کے منتظمین سے تعزیت کے علاوہ تفصیلی گفتگو کی، جس میں وفد نے مولانا مرحوم کی شہادت کے بعد ان کے قاتلوں کی گرفتاری کے سلسلے میں اب تک ہونے والی حکومتی تفتیش پر عدم اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ فوری طور پر مرحوم کے قاتلوں کو گرفتار کرتے ہوئے پسِ پردہ عناصر کو بے نقاب کرے۔

امتحانات ۱۴۲۸ھ، پرچوں پر نظرِ ثانی کا عمل:

بدھ ۳/ ذوالقعدہ، وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے زیر نگرانی منعقدہ حالیہ امتحانات کا نتیجہ آنے کے بعد بعض امیدواروں کی طرف سے پرچوں پر نظرِ ثانی کے لئے موصولہ درخواستوں کی روشنی میں نظرِ ثانی کا عمل صدر وفاق کی زیرِ نگرانی دفترِ وفاق میں شروع ہوا۔ اسی دوران صدر وفاق حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب نے معروف عالم دین مولانا سید محمد امین صاحبؒ کے انتقال پر ان کے ورثاء سے تعزیت بھی کی۔

صدر اور ناظم اعلیٰ وفاق کی عالمی تبلیغی اجتماع میں شرکت:

ہفتہ ۶ ذوالقعدہ ۱۴۲۸ھ کو صدر وفاق حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب، ناظم اعلیٰ مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب اور حضرت مولانا ولی خان المظفر صاحب نے لاہور میں منعقدہ سالانہ عالمی تبلیغی اجتماع میں شرکت کی اور بیرون ملک سے آئے ہوئے علماء کرام اور اکابرین تبلیغی جماعت کے ساتھ ملاقاتیں کیں اور تبادلہ خیال کیا۔ اجتماع سے واپسی پر عالمی مجلسِ تحفظ ختم نبوت کے نائب امیر حضرت سید نفیس شاہ صاحب کی عیادت کی۔

مشاورت بسلسلہ نصابِ تخصصات:

۲۸/ ذوالقعدہ ۱۴۲۸ھ کو دارالعلوم کراچی میں وفاق المدارس کے تحت تخصصات کے سلسلے میں ایک مشاورت ہوئی، جس میں حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب، ناظم اعلیٰ وفاق مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب، رکن عاملہ وفاق اور نصاب تخصصات کمیٹی کے سربراہ مولانا زاہد الرشدی صاحب، جامعہ فاروقیہ کراچی کے مولانا منظور احمد مینگل صاحب اور مولانا سمیع اللہ صاحب نے شرکت کی۔

مولانا زاہد الراشدی صاحب نے شرکاء اجلاس کو نصاب تخصصات پر اب تک کئے جانے والے کام اور پیش رفت سے آگاہ کیا۔ اجلاس میں اسی حوالے سے مختلف تجاویز زیر بحث آئے اور ان پر غور و خوض ہوا۔

☆☆......☆☆